دی بینک آف پنجاب

پریس ریلیز

25 اکتوبر 2018

دی بینک آف پنجاب نے جدید ترین بین الاقوامی بینکنگ نظام کامیابی کے ساتھ متعارف کروادیا

دی بینک آف پنجاب نے جدید ترین بین الاقوامی بینکنگ نظام اپنی تمام برانچز میں استعمال کرنا شروع کردیا ہے۔ یہ نظام صارفین کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے، جس کے ذریعے بینک اپنے صارفین کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرسکے گا۔ اس نظام کے تحت اگر صارف کا اس برانچ میں اکاؤنٹ نہ بھی ہو پھر بھی صارفین کو بینک کی کسی بھی برانچ سے ان کی مطلوبہ ضرورت کے مطابق خدمات فراہم کی جاسکے گی۔ اس نظام کی وجہ سے بینک نہ صرف اپنے صارفین کو نئی پراڈکٹس اور خدمات کی فراہمی کرسکے گا بلکہ اپنے کاروبار کے طور طریقوں کو بھی بہتر کرسکے گا۔ اس جدت پر مبنی نئے نظام کی بدولت بینک اس قابل ہوجائے گا کہ ایسی اختراعی خدمات مہیا کرسکے جو اس سے پہلے کے پرانے نظام میں موجود نہیں تھیں۔

اس منصوبے کا مرکزی مقصد تمام پرانے غیر مرکزی نظام کو جدید ترین بنانا اور صارفین کو متاثر کئے بغیر ایک مرکزی نظام وجود میں لانا تھا۔ اس کے لئے مرحلہ وار تبدیلی کی حکمت عملی اپنائی گئی، جس کے تحت کچھ برانچز میں پرانا اور کچھ برانچز میں نیا نظام باہمی طور پر استعمال کیا گیا۔ یہ کام 400 برانچز میں نہ صرف غیر معمولی طور پر تیزی اور سہولت کے ساتھ انجام پایا، بلکہ اس دوران صارفین بھی کم سے کم متاثر ہوئے۔ اس عمل کے دوران موجودہ تمام پراڈکٹس جیسے، ڈیپازٹس، ایڈوانس، کنزیومر قرضہ جات، اسلامک بینکنگ ٹریڈ فنانس اور اس طرح کے دوسری پراڈکٹس کامیابی سے نئے نظام پر لائے گئے۔